نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729 E.mail: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت محکمہ زراعت کی منتخب منظور شدہ اقسام پر سبسڈی کی فراہمی جاری

دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہرگز کاشت نہ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: **06 مئی 2022** ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے جس کے تحت پنجاب کے **15 اضلاع** گوجرانوالہ، شیخوپورہ، اوکاڑہ، سیالکوٹ، ننکانہ صاحب، بہاولنگر، جھنگ، نارووال، قصور، چنیوٹ، گجرات، لاہور، حافظ آباد، فیصل آباد اور منڈی بہاؤالدین میں دھان کی منتخب اقسام کے بیج پر رجسٹرڈ کاشتکاروں کو سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔یہ سبسڈی **منتخب باسمتی اقسام** سپر باسمتی، باسمتی 515، پی کے 1121 (ایرومیٹک)، کسان باسمتی، سپر باسمتی 2019 اور سپر گولڈ جبکہ **غیر باسمتی اقسام** کے ایس کے 133، پی کے 386، نیاب اری-9، کے ایس-282 اور اری-6 پر دی جارہی ہے۔دھان کی منظور دہ اقسام میں **باسمتی اقسام پر 1200 روپے فی تھیلہ اور غیر باسمتی اقسام پر 800 روپے فی تھیلہ** سبسڈی دی جارہی ہے۔یہ سبسڈی تھیلوں میں موجود واؤچر کے ذریعے صرف رجسٹرڈ کسانوں کو فراہم کی جائے گی۔غیر رجسٹرڈ کاشتکار رجسٹریشن کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی دفاتر سے رابطہ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان کے کاشتکار سبسڈی حاصل کرنے کے لیے واؤچر والا تھیلا اپنے قریبی ڈیلر سے طلب کریں۔ایک کاشتکار ایک تھیلے پر پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر سبسڈی حاصل کرسکتا ہے۔کاشتکار دھان کی زیادہ پیداوار کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں اور فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے محکمہ زراعت کی منظور دہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہرگز کاشت نہ کریں اور ممنوعہ اقسام کی کاشت سے گریز کریں۔

☆☆☆☆